پی۔پی۔پکچرز کا بنایا

سِنیما پتنگ کھنڈرا

1871 کوچہ خیالی رام، بازار سیتا رام دہلی ۶

تین پتے کے گانے

نمبر ۱

اگر ہم نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا
یہ دنیا نہ ہوتی یہ میلہ نہ ہوتا
تماشے نہ ہوتے جھمیلا نہ ہوتا
یہ چوری چکاری جھمیلا نہ ہوتا
یہ چوکی نہ ہوتی یہ تھانہ نہ ہوتا
اگر ہم نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا
افیم اور گانجا چرس اور دھتورہ
ہمارے ہی دم سے ہے سارا ظہورا
یہ چاند اور ستارے ہمارے لئے ہیں
یہ بے ڈھب نظارے ہمارے لئے ہیں
اگر ایک موٹر نہیں ہے تو کیا غم
ہزاروں گھسیٹے ہمارے لئے ہیں
یہ گلیاں یہ چالی یہ کمرے یہ کھوڑا
ہمارے ہی دم کا ہے سارا ظہورا ... اگر
وہاں دور سیٹھ جی کر رہے ہو، غریبوں میں آ کر ذرا رنگ دیکھو

اکڑتے ہو اچھا تو رستہ سنبھالو
مگر جاتے جاتے یہ بات سن لو
تمھاری فقیری تمھارا بتورہ
ہمارے ہی دم کا ہے سارا ظہورا اگر...
یہ مانا زمانے میں برباد ہیں ہم
کوئی غم نہیں غم سے آزاد ہیں ہم
ہیں دادا کے پردادا چیلے ہیں
اپنے سبھی جانتے ہیں کہ استاد ہیں ہم
یہ للو یہ شمبھو یہ بدھو یہ نورا
ہمارے ہی دم کا ہے یہ سب ظہورا اگر...
نمبر۲۔ سکھی جھوم جھوم گیا دل میرا
پیا سے نظریں ملتے ہی سکھی جھوم جھوم...
پا کے اشارہ دل کا میں ان کی ہو گئی
ایسی نظر سے دیکھا ہے میں کھو گئی
نینوں کا چرانا بچانا۔ رہا نہ بس کا سکھی جھوم جھوم...
آنچل گرا جو میرا شرما کے رہ گئی۔ بھاگے تو ہائے اس سے ٹکرا کے رہ گئی
وہ جو مسکرایا تو چھایا نشہ ہلکا سکھی جھوم جھوم جھوم...
بدلے میں ہائے دل کے وہ مجھ کو مل گئے

کتنے چمن نہ جانے سینے میں کھل گئے
آجا یہ بہاریں پکاریں، پیار نہ تڑپا سکھی جھوم...

نمبر ۳۔ گھر گھر میں دیپ جلے، من سوچے گاؤں کیا
جیون میں جیوت نہیں، میں دیپ جلاؤں کیا
دیوالی کے درشن سے ہیں دور میری آنکھیں
بجھتے ہوئے دیپک ہیں یہ نور میری آنکھیں
جب دیکھ نہیں سکتا، دنیا کو دکھاؤں کیا۔ گھر گھر میں...
رنگین کہانی ہے پھولوں کی بہاروں میں
اور میرا فسانہ ہے ٹوٹے ہوئے تاروں میں
ہنستے ہوئے لوگوں کو فریاد سناؤں کیا۔ جیون میں
خوشیوں کی صدائیں بھی، دھن والوں کے گانے بھی
فریاد بھی سنتا ہوں، عشرت کے ترانے بھی
کس حال میں ہے دنیا، داتا کو دکھاؤں کیا
جیون میں جیوت نہیں میں، دیپ جلاؤں کیا

نمبر ۴۔ دگے لے دم دے دگڑا، چلے گا اپنا اکھاڑا
بچیرا روز نگاڑہ، دم دم نگڑ دم
تیری باہوں میں ہے طاقت نہ کبھی ہار تو ہمت
ارے ناداں یہی دنیا تیرا دوزخ تیری جنت

لگا زمانے کو ٹھوکر۔ بنا لے اپنا مقدّر
سنبھل کے چل۔ اکڑ کے چل دیے گا تجھ سے زمانہ ڈگے...
کہیں دے جا نہ دھوکہ تجھے زردالعن کی دنیا
ذرا سنبھل ذرا بچنا یہ ہے زرداروں کی دُنیا
سفید کپڑے ہیں تن پہ ہزار میل ہیں ملن میں
یہ زندگی فریب کی نہ ایسی زندگی پہ جا دگے دے...
یہ ہیں دو روز کے میلے۔ نہ اٹھا غم کے جھمیلے
نہ جلا دل نہ دکھا دل۔ ارے جینے کے مزے لے
کھلا دے رنج والم کو۔ نہ پاس آنے دے غم
تو ہر جفا پہ مسکرا۔ یہی ہے درد کی دوا۔ نہ کے دے...
نمبر ۵۔ میں جو چلی ساتھ پیا چلے
آنے لگے چاند تارے قدموں تلے
سوئی سوئی انکھیاں ہیں جاگے بھاگ نئے
پھول کھلے کہیں۔ کہیں جلے ہیں دیئے۔
آنے لگے چاند...
ترسی ہوئی انکھیوں میں رنگ بھرے پیار کے
گوندھ لئے پھول میں نے جیون کے ہار کے
رام کرے یہ رات کبھی نہ ڈھلے

آنے لگے چاند ۔۔۔۔

نمبر۶۔ پتہ پتہ بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہیں
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے
دنیا کے ہر موڑ پہ ہم سے اپنے ساتھی چھوٹے ہیں
ہائے یہ دل ہر بچھڑے ہوئے کو اپنا پرایا جانے ہے
اے دل توڑ کے جانے والے ٹوٹے دل کی آس ہے تو
تیرے پیار کو اب تک کوئی اپنا سہارا جانے ہے

نمبر۷۔ یہ رات یہ جلتے تارے، یوں ہی جلتے رہیں گے
بدلیں یہ نظارے ۔۔۔
کل شام سہانی آئے گی ۔ ہر ایک کلی مسکائے گی
ان کو بھی خوشی مل جائے گی جو آج ہیں غم کے مارے ۔۔۔
دل پیار میں کل لہرائیں گے، ہم گیت ملن کے گائیں گے ہم
کل اتنے حسین ہو جائیں گے، ایسی خواب جو ہمکو پیارے
حیران زمانہ گھات میں ہے، تقدیر تو اپنے ہاتھ میں ہے
ایک صبح بھی ہر رات میں ہے، کچھ دیر ہیں یہ اندھیارے
یہ رات یہ جلتے تارے ۔۔۔۔

ختم شد

ثریا کی تان

اس کتاب میں ہندوستان کی مشہور فلم ایکٹریس مس ثریا کے گائے ہوئے فلمی گانوں کا مجموعہ درج کیا گیا ہے۔ ان گانوں کو پبلک نے بے حد پسند کیا ہے۔ ہر گانے پر انسان وجد میں گھومنے لگ جاتا ہے۔ اگر آپ کو فلمی گانوں کا شوق ہے تو آج ہی ہماری [illegible]

تیل صابون شکشا

اس کتاب میں ہر قسم کے نہایت خوشبودار تیل بنانے نہانے [illegible] دھونے کے دیسی اور ولائتی صابون بنانے کے نہایت آسان [illegible] اور کپڑے [illegible] درج ہیں۔ قیمت صرف دو روپیہ آٹھ آنہ علاوہ ڈاک خرچ۔

منگانے کا پتہ :

سینما بُک ڈپو

۱۰۸ کوچہ خیالی رام بازار سیتا رام دہلی

الیکٹرک وائرنگ

اس کتاب میں الیکٹرک وائرنگ کے تمام موضوع پر نہایت تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے نیز تصاویر دیکر خوب اچھی طرح سے ہر بات کو سمجھایا گیا ہے اس کے مطالعہ کے بعد ایک معمولی شخص بھی وائرنگ کے کام پر پورا ماہر بن سکتا ہے۔

قیمت تین روپے ڈاک خرچ الگ۔

[illegible] ر ادستکا [illegible]

[illegible] کے متعلق تفصیل تشریح کے ساتھ درج کی گئی ہے [illegible] نہایت بیش قیمت نار ہوئے جن سے [illegible] اور [illegible] بھی آسانی سے سمجھ میں آجاتی ہے [illegible] مشکل [illegible] قیمت [illegible] کی کتاب [illegible] وہ محصول ڈاک۔ دو روپے

نوٹ [illegible]

بذریعہ منی آرڈر [illegible] پیشگی آنے پر کتاب کا محصول ڈاک معاف ہوگا۔

سینما پستک بھنڈار ۱۸۰۱ کوچہ خیالی رام بازار سیتا رام دہلی

(... آباد پریس دہلی)